بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکریٹریٹ۔

نمبر پی اے بی (لیجس)II/2018ء مورخہ یکم جنوری 2019ء

منجانب:۔ سیکرٹری،
بلوچستان صوبائی اسمبلی۔

بجانب:۔ 1۔ جناب چیف کیسکو،
زرغون روڈ کوئٹہ۔

2۔ جناب جنرل منیجر،
سوئی سدرن گیس کمپنی سمنگلی روڈ کوئٹہ۔

عنوان:۔ **ایوان کی مشترکہ قرارداد نمبر7۔**

بلوچستان صوبائی اسمبلی کی نشست منعقدہ مورخہ 31 دسمبر 2018 میں پاس شدہ مشترکہ قرارداد نمبر 7 منجانب انجینئر زمرک خان اچکزئی، صوبائی وزیر، ملک نعیم خان بازئی مشیر وزیر اعلیٰ بلوچستان، جناب اصغر خان اچکزئی اور محترمہ شاہینہ کاکڑ اراکین اسمبلی

" ہرگاہ کہ جہاں یوٹیلیٹی بلوں (گیس و بجلی) کی ادائیگی صوبہ بھر کے عوام کیلئے ایک سنگین مسئلہ ہے۔ وہاں یہ امر بھی قابل ذکر ہے کہ جو میٹرز صوبہ بھر میں نصب کیے گئے ہیں۔ وہ دیگر صوبوں سے مسترد شدہ ہیں۔

لہٰذا یہ ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ وہ وفاقی حکومت سے رجوع کرے کہ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں گیس و بجلی کے میٹروں کی جانچ پڑتال کے حوالے سے صوبائی محکمہ توانائی کے زیر اثر ایک مستند لیبارٹری کے قیام کو یقینی بنائے تاکہ ناکارہ میٹروں کی فوری طور پر نشاندہی ہونے کے ساتھ ساتھ اس کی تبدیلی بھی ممکن ہو سکے"۔

(شمس الدین)
سیکرٹری

نقل برائے اطلاع و ضروری کارروائی مرسل ہوئے بخدمت:۔

1۔ جمیع معزز اراکین، بلوچستان صوبائی اسمبلی۔
2۔ جناب سیکرٹری برائے صدرِ اسلامی جمہوریہ پاکستان، ایوان صدر اسلام آباد۔
3۔ جناب پرنسپل سیکرٹری برائے وزیر اعظم اسلامی جمہوریہ پاکستان اسلام آباد۔
4۔ جناب سیکرٹری سینٹ، سینٹ آف پاکستان پارلیمنٹ ہاوس اسلام آباد۔
5۔ جناب سیکرٹری قومی اسمبلی سیکرٹریٹ، پارلیمنٹ ہاوس اسلام آباد۔
6۔ جناب وفاقی وزیر گیس و پیٹرولیم حکومت پاکستان اسلام آباد۔
7۔ جناب وفاقی وزیر پانی و بجلی حکومت پاکستان اسلام آباد۔
8۔ جناب پرنسپل سیکرٹری برائے گورنر بلوچستان کوئٹہ۔
9۔ جناب پرنسپل سیکرٹری، برائے وزیر اعلیٰ بلوچستان کوئٹہ۔
10۔ جناب ایڈیشنل سیکرٹری اسٹاف ٹو چیف سیکرٹری، حکومت بلوچستان کوئٹہ
11۔ جناب صوبائی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی حکومت بلوچستان کوئٹہ۔
12۔ جناب صوبائی سیکرٹری برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی حکومت بلوچستان کوئٹہ۔
13۔ جناب سسٹم انالسٹ بلوچستان صوبائی اسمبلی۔

(سید داد محمد آغا)
ڈپٹی سیکرٹری (قانون سازی)